سوال

(44) مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسجد میں نماز جنازہ پڑھی جاسکتی ہے، کتاب وسنت میں اس کے متعلق کیا حکم ہے، تفصیل سے راہنمائی فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس سلسلہ میں اپنی صحیح میں ایک عنوان بایں الفاظ قائم کیا ہے: ''جنازگاہ اور مسجد دونوں جگہ نماز جنازہ ادا کرنا۔'' [1]

اگرچہ افضل یہ ہے کہ مسجد سے باہر جنازہ گاہ میں نماز جنازہ پڑھی جائے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اکثر وبیشتر ایسا ہوتا تھا البتہ مسجد میں جنازہ پڑھنا بھی جائز ہے جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیضا کے دونوں بیٹوں کی نماز جنازہ مسجد میں ادا کی تھی۔ [2]

روایات میں ہے کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ مسجد نبوی میں ادا کی گئی تھی۔

---

[1] صحیح بخاری، الجنائز، باب نمبر ۶۰۔

[2] صحیح مسلم، الجنائز: ۹۷۳۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:79